© rasailojaraid.com

# کتاب نما

**رحمتِ دارینؐ**، طالب الہاشمی۔ ناشر: القمرانٹرپرائزز، اردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۸۶۹۔ قیمت: ۴۵۰ روپے۔

ایک تاریخ نویس، صحابہ کرامؓ کے سوانح نگار اور سیرتِ نبویؐ کے مولّف کی حیثیت سے جناب طالب الہاشمی کا نام نامی محتاجِ تعارف نہیں۔ وہ سیرتِ طیبہؐ سے متعلق اس سے پہلے سات تالیفات شائع کرچکے ہیں (اخلاقِ پیمبریؐ، معجزاتِ سرورِ کونینؐ، ارشاداتِ دانائے کونینؐ، وفودِ عرب، بارگاہِ نبویؐ میں، ہمارے رسول پاکؐ، جنت کے پھول، حَسُنَتْ جَمِیْعُ خِصَالِہٖ)۔ ان میں سے بیشتر سیرت نبویؐ کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالتی ہیں۔ زیرنظر کتاب اس اعتبار سے ان سب میں ممتاز، منفرد اور جامع ہے کہ اس میں سیرتِ پاکؐ کے جملہ پہلوؤں کا احاطہ کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

رحمتِ دارینؐ کے دیباچہ نگار جناب حفیظ الرحمٰن احسن نے اس کے بعض امتیازات کی طرف اشارہ کرتے ہوئے ایجاز واطناب میں توازن، اختلافی امور میں طویل مباحث سے گریز، سیرت کے بعض نادر پہلوؤں کا ذکر، مستند اور معتبر روایات سے استناد اور متعلقاتِ سیرت پر مفید حواشی کا ذکر کیا ہے۔ ہمارے خیال میں سیرت النبیؐ کے موضوع پر یہ کتاب فاضل مولّف کی ماہرانہ دسترس کا ثبوت ہے۔ مولّف نے موقع بہ موقع قرآن پاک، حدیث نبویؐ اور تواریخ سیرت سے حوالے دیے ہیں۔ اسی طرح عربی اشعار اور (حالی، شبلی وغیرہ کی) بعض اردو نظموں کے ذریعے بیان کو زیادہ واضح اور مؤثر بنایا ہے۔

رحمتِ دارینؐ کی ایک خوبی یہ ہے کہ مولّف نے افراد، مقامات اور کتابوں وغیرہ کے ناموں کے صحتِ تلفظ کا اہتمام کیا ہے اور بڑے التزام سے اِعراب لگائے ہیں (ص ۳۸۶ پر

© rasailojaraid.com